**2024-05-19**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**(Music)**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ**

**پہلے اِس وقت کی خاص خبریں**

**------------------------------------------------------------**

1. کَل ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔
2. لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی آج جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔
3. دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کے قریبی ساتھی Bibhav Kumar کو سواتی مالیوال پر مبینہ حملے کے سلسلے میں 5 روز کیلئے پولیس حراست میں بھیج دیا گیا ہے۔
4. بھارتی موسمیات محکمے نے ملک کے جنوبی علاقوں میں اگلے تین روز کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
5. اور آئی پی ایل کرکٹ میں: رائل چیلنجر بینگلور، چنئی سپر کنگز کو 27 رن سے ہرا کر پلے آف مرحلے میں پہنچ گئی ہے۔

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**Fifth Phase Polling**

**کَل ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے لئے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ اِس مرحلے میں 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کے 49 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں اترپردیش کی 14، مہاراشٹر کی 13، مغربی بنگال کی 7، بہار اور اڈیشہ کی پانچ پانچ، جھارکھنڈ کی تین، جموں کشمیر اور لداخ کی ایک ایک سیٹ شامل ہے۔ اِس مرحلے کے لئے انتخابی مہم کَل شام ختم ہوگئی۔ اِس مرحلے میں کُل 695 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔**

**مہاراشٹر میں کَل جن 13 پارلیمانی حلقوں میں پولنگ ہوگی، اُن میں دھولے، Dindori، ناسک، پال گھر، بھونڈی، کلیان اور تھانے کے علاوہ ممبئی کی 6 پارلیمانی سیٹیں شامل ہیں۔**

**ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ 24 ہزار 579 پولنگ مراکز پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔**

## Jharkhand Fifth

جھارکھنڈ میں پولنگ عملے کے افرادChatra, Koderma اور ہزاری باغ لوک سبھا حلقوں میں اپنے اپنے پولنگ مراکز تک پہنچ رہے ہیں۔ پولنگ کے لئے تقریباً 148 پولنگ اہلکاروں کو ایک سینئر افسر کے ہمراہ ریاست کے Latehar اور Chatra ضلعوں کے دور دراز علاقوں میں ہیلی کاپٹر کے ذریعے پہنچائے گئے ہیں۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے روی کمار نے جانکاری فراہم کی ہے کہ کچھ پولنگ اہلکاروں کو  Latehar اور Chatra ضلعوں میں ٹرین اور سڑک کے راستے بھی بھیجے گئے ہیں۔

## Jharkhand WB Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے اور ساتویں مرحلے کیلئے انتخابی مہم عروج پر ہے۔ وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی آج جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

جھارکھنڈ میں جناب مودی جمشید پور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ جمشید پور لوک سبھا حلقے سے BJP کے Bidyut Varan Mahto چناؤ لڑ رہے ہیں۔ ان کے مقابلے میں آئی۔این۔ڈی۔آئی۔اے اتحاد اور جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے امیدوار سمیر موہنتی چناؤ میدان میں ہیں۔ سمیر موہنتی Baharagoda اسمبلی حلقے سے موجودہ ایم ایل اے ہیں جبکہ جناب مہتو جمشید پور کے موجودہ لوک سبھا ممبر ہیں۔ وہ جمشید پور پارلیمانی حلقے سے لگاتار تیسری مرتبہ چناؤ لڑ رہے ہیں۔

وزیر اعظم مودی آج سہ پہر مغربی بنگال کے Purulia، بشنوپور اور Kharagpur میں تین عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔x

## UP Campaign

اترپردیش میں مرکزی وزیر داخلہ اور بی جے پی کے سینئر لیڈر امت شاہ پریاگ راج اور جونپور ضلعوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ ریاست کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اعظم گڑھ، جونپور، پرتاپ گڑھ اور پریاگ راج ضلعوں میں پارٹی امیدواروں کے لئے انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو بی جے پی امیدواروں کی حمایت کے لئے غازی پور اور بلیا ضلعوں میں چناؤ مہم انجام دیں گے۔

دوسری طرف اپوزیشن رہنما راہل گاندھی اور اکھلیش یادو I.N.D.I.A. امیدواروں کے لئے پریاگ راج ضلعے میں مشترکہ طور پر انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو پھولپور پارلیمانی حلقے میں بھی چناؤ مہم انجام دیں گے۔

کانگریس کے سینئر لیڈر دِگ وجے سنگھ مہراج گنج پارلیمانی حلقے میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔

## Bhubnesar Constituency

اوڈیشہ کے بھوبھنیشور لوک سبھا حلقہ میں عام انتخابات کے چھٹے مرحلے کے تحت اس مہینے کی 25 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔ برسرِ اقتدار BJD، کانگریس اور BJP کے درمیان اِس حلقے کو جیتنے کے لیے سخت مقابلہ ہے، کیونکہ یہ حلقہ ریاست میں سیاست کا مرکز مانا جاتا ہے۔ لوک سبھا حلقے کے تحت آنے والے سبھی ساتوں اسمبلی حلقوں میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما زور و شور سے انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔

## Rev. Punjab Cmapaignging

پنجاب میں تمام 13 لوک سبھا حلقوں میں انتخابی مہم جاری ہے۔ پنجاب میں لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں پہلی جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ریاست میں درجہٴ حرارت میں لگاتار اضافہ انتخابی مہم میں رکاوٹ کا باعث بن رہا ہے۔

## EC Sixth Phase Nominations

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں 8 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں کُل 889 امیدوار چناؤ میدان میں ہوں گے۔ اِس میں جموں کشمیر کے اننت ناگ - راجوری پارلیمانی حلقے کے 20 امیدوار بھی شامل ہیں۔ انتخابی کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس مرحلے کے چناؤ کیلئے 58 پارلیمانی حلقوں میں کُل 1 ہزار 978 کاغذات نامزدگی داخل کئے گئے تھے۔ اِس مرحلے کیلئے نامزدگی پرچے بھرنے کی آخری تاریخ 6 مئی تھی۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد کُل 900 نامزدگیاں درست پائی گئیں۔ چھٹے مرحلے کیلئے اترپردیش کی 14 پارلیمانی سیٹوں کے لئے سب سے زیادہ 470 کاغذات نامزدگی داخل کئے گئے۔ اِس کے بعد ہریانہ کی دس سیٹوں کیلئے 370 نامزدگی پرچے بھرے گئے۔

جھارکھنڈ کے رانچی پارلیمانی حلقے میں سب سے زیادہ 70کاغذات نامزدگی داخل کئے گئے۔ اِس کے بعد شمال مشرقی دلی لوک سبھا سیٹ کیلئے 69 نامزدگی کے پرچے بھرے گئے۔

## Maharashtra Poll Arrangement

مہاراشٹر میں تیرہ لوک سبھا حلقوں کی پولنگ کے لیے سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔

ان حلقوں میں دھولیہ، ڈِنڈوری، ناسک، پال گھر، بھوِنڈی، کلیان، تھانے اور ممبئی کے 6 پارلیمانی حلقے شامل ہیں۔مہاراشٹر میں ہو رہے لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں 264 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ پولنگ کے لیے 24 ہزار پانچ سو اُناسی پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے سیکیورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کئے گئے ہیں۔

## V/C Prathana

مہاراشٹر میں تیرہ لوک سبھا حلقوں کے لیے کل ہونے والی رائے دہی کے لیے 41 ہزار 897 بیلٹ یونٹس اور 24 ہزار 579 کنٹرول یونٹس اور VVPAT کا انتظام کیا گیا ہے۔

اس مرحلے میں 160 حساس پولنگ مراکز بھی شامل ہیں۔ پولنگ مراکز پرنظر رکھنے کے لیے ویب کاسٹنگ کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔

ریاست میں گذشتہ مرحلوں میں ہوئی کم ووٹنگ کو دیکھتے ہوئے انتخابی کمیشن نے رائے دہندگان کو اُن کا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی خاطر ہر ممکن کوشش کی ہے۔

پولنگ مراکز پر پینے کے پانی، طبی مدد، بیت الخلاء، ویٹنگ روم اور دیگر سہولتیں مہیا کروائی گئی ہیں۔

پولنگ مراکز تک معذور افراد کو پہنچانے کے لیے ممبئی میں قریب 600 بسوں کا انتظام کیا گیاہے جو معذور افراد کو مفت خدمات فراہم کریں گی۔

## WB BJP

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال بی جے پی کے صدر Sukanta Majumdar کو مثالی ضابطۂ اخلاق کی مبینہ خلاف ورزی کیلئے ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے۔ کمیشن نے کہا کہ اُسے ترنمول کانگریس کی جانب سے ایک شکایت موصول ہوئی ہے جس میں الزام لگایا گیا ہے کہ بی جے پی نے اِس ماہ کی 5 تاریخ کو آنند بازار اور Pratidin اخبارات میں ایک اشتہار شائع کرایا ہے جو ووٹروں کے ذہنوں پر اثر انداز ہونے والے فرضی، غیر تصدیق شدہ اور گمراہ کن بیانات پر مشتمل ہے۔ انتخابی کمیشن نے اِس سلسلے میں آئندہ 21 تاریخ تک جناب Majumdar سے

جواب طلب کیا ہے اور یہ بتانے کیلئے کہا ہے کہ اِس اشتہار کو مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کیوں نہ قرار دیا جائے۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**Rev. Delhi Bibhav Custody**

دلّی کی ایک ضلع عدالت نے عام آدمی پارٹی کی راجیہ سبھا ایم پی سواتی مالیوال پر مبینہ حملے کے سلسلے میں وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کے معاون Bibhav Kumar کو گرفتاری کے بعد 5 روز کیلئے پولیس حراست میں بھیج دیا ہے۔

Bibhav Kumar کو کَل تیس ہزاری کورٹ میں پیش کیا گیا تھا۔ میٹرو پولیٹن مجسٹریٹ گورو گوئل نے انہیں پوچھ تاچھ کیلئے پانچ دنوں کے لئے پولیس حراست میں بھیج دیا۔ ریمانڈ کی میعاد ختم ہونے کے بعد انہیں اِس مہینے کی 23 تاریخ کو عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

اِس سے پہلے محترمہ مالیوال نے اِس مہینے کی 13 تاریخ کو جناب کیجریوال کی رہائش گاہ پر ہراساں کئے جانے اور اذیت پہنچانے کا الزام لگاتے ہوئے Bibhav Kumar کے خلاف ایک شکایت درج کرائی تھی۔

دوسری طرف Bibhav Kumar نے بھی یہ الزام لگاتے ہوئے محترمہ مالیوال کے خلاف جوابی شکایت درج کرائی ہے کہ وہ اُس دن غیرقانونی طریقے سے وزیراعلیٰ کی رہائش گاہ میں داخل ہوئی تھیں۔x

**Guwahtati AR Meghwal**

قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج)، ارجن رام میگھوال نے کہا ہے کہ حکومت لوگوں کو مقررہ مدت میں انصاف فراہم کرنے کے لیے نو آبادیاتی دور کے فوجداری نظام انصاف میں تبدیلی کر رہی ہے۔ کل IIT گوہاٹی میں فوجداری نظام انصاف کے انتظام میں بھارت کا ترقی پسند راستہ‘‘ کے موضوع پر دوسری کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب میگھوال نے فوجداری نظام انصاف میں تبدیلی لانے کی ضرورت پر زور دیا، جسے ابتدائی طور پر نو آبادیاتی حکمرانوں کے نقطہ نظر سے نافذ کیا گیا تھا اور اس میں بھارتی روح اور اخلاقیات کا فقدان تھا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ نئے قوانین، بھارتیہ نیائے سنہتا 2023، بھارتیہ ناگر سرکشا سنہتا 2023 اور بھارتیہ ساکشیہ ادھنیم 2023 لوگوں پر مرکوز ہیں اور مرکزی حکومت نے ان قوانین کو ایسے وقت میں متعارف کرایا ہے جب بھارت تیز رفتار کے ساتھ ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

سپریم کورٹ کے ایک جج جسٹس Hrishikesh Roy نے کہا کہ نئے قوانین کے ذریعے سزا دینے کے بجائے انصاف دینے پر زیادہ توجہ دی جائے گی۔ قانون اور انصاف کی وزارت نے آسام حکومت کے تعاون سے دو روزہ طویل کانفرنس کا انعقاد کیا جس کا مقصد قانونی برادری اور اس شعبہ سے متعلق شراکت داروں کے درمیان ان تینوں نئے قوانین کے سلسلے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

جیسا کہ مطلع کیا گیا ہے، یہ نئے فوجداری قوانین اس سال یکم جولائی سے نافذ العمل ہوجائیں گے۔

## SC Additions Judges

سپریم کورٹ کولیجیم نے دو اضافی ججوں کے تقرر کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔

اس کے تحت جسٹس سسمتا فُکَن کھوند اور جسٹس متالی تھکوریا کو گوہاٹی ہائی کورٹ کے مستقل ججز کے طور پر مقرر کیا گیا۔

اس کے علاوہ کولیجیم نے جسٹس راجیش سیکھری کو جموں و کشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کے اضافی جج کے طور پر اس سال 29 جولائی سے ایک سال کی نئی مدتِ کار دیے جانے کی تجویز کو بھی منظوری دی۔ یہ تجویزیں سپریم کورٹ کولیجیم کی جانب سے پیش کی گئی تھیں جس میں چیف جسٹس DY چندر چوڑ، جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس BR گوئی شامل تھے۔

## Afghan Flood

افغانستان میں غور اور فاریاب صوبوں میں تباہ کُن سیلاب کے سبب تقریباً 70 افراد ہلاک ہوگئے ہیں جبکہ درجنوں افراد لاپتہ ہیں۔ غور صوبے کے گورنر کے ترجمان عبدالواحد Hamas نے مطلع کیا ہے کہ سیلاب کے سبب کم از کم 50 افراد ہلاک اور متعدد دیگر لاپتہ ہیں۔ سیلاب سے ہزاروں مکانات کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ ملک کے شمالی صوبے فاریاب میں تباہ کن سیلاب سے 18 لوگوں کی اموات ہوئی ہیں۔ اِس طرح مرنے والوں کی تعداد 68 ہوگئی ہے۔ پچھلے ہفتے ملک بھر میں شدید بارش کے بعد آئے اچانک سیلاب سے 315 افراد ہلاک اور ایک ہزار 600 سے زیادہ زخمی ہوگئے تھے۔ بچاؤ کاری کرنے والے افراد اور راحتی کارکنان سیلاب سے سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں تک پہنچنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

عالمی صحت ادارے نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں آلودہ پانی سے پھیلنے والی بیماریوں کے بڑھتے معاملات کے بارے میں خبردار کیا ہے۔

## SL Seetha Amman Temple

سری لنکا کے سیتا امّن مندر، Seetha Eliya میں آج Kumbh Abhishekam تقریب منعقد کی جائے گی۔ایودھیا سے Saryu ندی کا تقریباً 25 لیٹر پوتر جل  سیتا امّن مندر پہنچ گیا ہے۔ اِس کے علاوہ تروماﻻ تروپتی مندر سے پانچ ہزار لڈّو بھی بھیجے گئے ہیں۔

اِس موقع پر بھارت اور نیپال کے کئی حصوں سے عقیدتمند Seetha Eliya پہنچے ہیں۔ بڑی تعداد میں عقیدتمند درشن کیلئے مندر میں قطار لگائے کھڑے ہیں۔

Seetha Eliya یا اشوک واٹیکا کے بارے میں یہ مانا جاتا ہے کہ یہ وہی مقام ہے جہاں دیوی سیتا کو راون نے قید میں رکھا تھا۔

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے تین دن کے دوران ملک کے جنوبی حصوں میں شدید ترین بارش کی پیشگوئی کی ہے۔  محکمہ موسمیات نے جزیرہ نما بھارت میں اگلے پانچ دن کے دوران شدید سے شدید ترین بارش کے جاری رہنے کے امکان کا بھی اظہار کیا ہے۔

محکمہ موسمیات نے مزید کہا کہ تملناڈو اور کیرالہ میں 21مئی تک موسلہ دھار بارش ہو سکتی ہے۔ جنوب مغربی مانسون کے اگلے 48  گھنٹے میں جنوبی انڈمان سمندر، جنوب مشرقی خلیج بنگال کے کچھ حصوں اور نکوبار جزائر میں پہنچنے کا امکان ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے محکمہ موسمیات کے سینئر سائنسداں آر۔کے۔جینا منی نے بتایا کہ شمال مشرقی بھارت میں گرمی کی شدید لہر جاری رہ سکتی ہے۔

## IPL Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں کَل بینگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں نہایت اہم مقابلے میں رائل چیلنجرس بینگلورو،   چنئی سپر کنگز کو 27 رن سے ہرا کر پلے آف میں داخل ہوگئی۔ چنئی سُپرکنگز نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بینگلورو کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 218 رن بنائے۔ بینگلورو کو پلے آف میں پہنچنے کیلئے چنئی سپر کنگز کو 201 رن سے کم کے اسکور پر آؤٹ کرنا تھا۔ بینگلورو کیلئے Faf Du Plessis نے 39 گیندوں میں 54 رن اور وراٹ کوہلی نے 29 گیندوں میں 47 رن بنائے۔ جواب میں چنئی سپر کنگز نے Rachin Ravindra کے 37 گیندوں میں 61 رن کی بدولت مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 191 رن ہی بنا سکی اور وہ آخری 4 ٹیموں میں جگہ بنانے میں ناکام رہی۔

اِس جیت کے ساتھ ہی رائل چیلنجرس بینگلورو، پلے آف میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس، راجستھان رائلس اور سن رائزرس حیدرآباد کے ساتھ شامل ہوگئی۔

آئی پی ایل 2024 کے پلے آف مقابلے 21 مئی کو شروع ہوں گے۔

**Athletics Lisbon**

پُرتگال کے Lisbon میں Meeting Cidade De Lisboa 2024 Athletics میں بھارت کے وکرانت ملِک نے مردوں کے Javelin Throw مقابلے میں جیت درج کی ہے۔

وکرانت نے یہ خطاب جیتنے کے لیے اپنی تیسری کوشش میں 80 اعشاریہ تین صفر میٹر کی دوری پر بھالا پھینکا۔ 28 سالہ ملِک نے 71 اعشاریہ سات تین میٹر اور 74 اعشاریہ دو تین میٹر کی دوری پر اپنی پہلی دو تھرو کے ذریعے مقابلے میں برتری حاصل کی۔

ملِک کی اب تک کی بہترین تھرو 81 اعشاریہ آٹھ دو میٹر ہے جو انھوں نے بھوبھنیشور 2022 میں حاصل کی تھی۔

نیرج چوپڑہ کے نام نواسی اعشاریہ نو چار میٹر کی تھرو کا قومی ریکارڈ ہے۔

پُرتگال میں یہ مقابلہ World Athletics Continental Tour Challenger Level مقابلہ ہے۔

**Badminton**

بیڈمنٹن میں، تھائی لینڈ کے بینکاک میں، تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں آج مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی چراغ شیٹی اور ساوتوک سائی راج رنکی ریڈی کا مقابلہ تائیوان کے Liu Yi اور چین کے Chen Boyang کی جوڑی سے ہوگا۔ خواتین کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں بھارت کی تنیشا کاسٹرو اور اشونی پونپّا کَل میزبان ملک کے کھلاڑیوں کی جوڑی سے ہار گئیں۔

یہ تھی خبریں

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ ۔آسیہ میمونہ

راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے لیے تشہیری مہم کے اختتام کی خبر کو صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق پانچویں مرحلے میں لوک سبھا کی 49 سیٹوں کے علاوہ اوڈیشہ اسمبلی کے لیے کَل پیر کے روز پولنگ ہوگی۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر کے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ حکومت، کرغستان کے بشکیک میں صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ وزیر خارجہ کے مطابق بشکیک میں حالات پُرسکون ہیں اور بھارتی طلبا کو چاہئے کہ وہ بھارتی سفارتخانے سے رابطے میں رہیں۔

روزنامہ ملاپ نے ہریانہ کے نوح میں کنڈلی مانیسر ایکسپریس وے پر عقیدتمندوں سے بھری بس میں آگ لگنے سے 9 افراد کی موت کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق حادثے میں دو درجن سے زیادہ مسافر  بری طرح جھلس گئے ہیں۔

روزنامہ انقلاب نے دلی سمیت شمالی بھارت میں شدید گرمی سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

اخبار نے لکھا ہے کہ دلی میں گرمی نے 14سال کا ریکارڈ توڑ دیا ہے اور گذشتہ روز درجہ حرارت 47 ڈگری درج کیا گیا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے بھارتی ٹیبل ٹینس کھلاڑیوں آکاش پال اور پویامنتی بیسیا کی جانب سے ترکیہ میں WTT فیڈر کیپاڈوشیا میں مکسڈ ڈبلز کا خطاب جیتنے کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ بھارتی جوڑی نے فائنل مقابلے میں اپنی ہم وطن جوڑی کو ہراکر یہ خطاب اپنے نام کیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. کَل ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔

2. لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما  نریندر مودی آج جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔
3.
4. دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کے قریبی ساتھی Bibhav Kumar کو سواتی مالیوال پر مبینہ حملے کے سلسلے میں 5 روز کیلئے پولیس حراست میں بھیج دیا گیا ہے۔
5. بھارتی موسمیات محکمے نے ملک کے جنوبی علاقوں میں اگلے تین روز کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
6.
7. اور آئی پی ایل کرکٹ میں
   a. رائل چیلنجر بینگلور، چنئی سپر کنگز کو 27 رن سے ہرا کر پلے آف مرحلے میں پہنچ گئی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔